بچی کا نام نبیلہ رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: ابو احمد محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-1548

تاریخ اجراء: 13رمضان المبارک1444ھ/04اپریل2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرے ہاں بیٹی کی ولادت ہوئی ہے میں اس کا نام نبیلہ رکھنا چاہتی ہوں کیا یہ نام رکھنا درست ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نبیلہ نام رکھنا درست ہے اس کا معنی ہے: شریف و معزز اور صاحب فضیلت عورت، بلند نسب والی۔

اور نبیلہ نیک وپرہیز گار خاتون کا نام ہے اور حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے ، اس اعتبار سے یہ نام رکھنا اچھا ہے۔

المنجد میں ہے"نبالۃ: نجیب وشریف ہونا۔صفت: نبل ونبیل، مؤنث: نبلۃ ونبیلۃ۔۔۔۔"النبیل: شرافت والا، فضیلت والا۔۔۔۔النبیلۃ، نبیل کا مؤنث" (المنجد، ص875،مطبوعہ لاہور)

قاموس الوحید میں ہے"نبل فلان: کسی کا شریف اور عالی نسب ہونا، ھو نبیل و ھی نبیلۃ۔۔۔۔۔۔"النبیل: شریف ومعزز" (القاموس الوحید،1605،مطبوعہ لاہور)

اعلام للزرکلی میں ایک نیک خاتون کا نام نبیلہ مذکور ہے:"نبيلة بنت السلطان الملك المظفر يوسف ابن عمر بن علي: سيدة يمانية تقية محسنة"ترجمہ: نبیلہ بنت سلطان ملک مظفر یوسف بن عمر بن علی: یمنی شہزادی ہیں جو کہ نیک وپرہیز گار خاتون ہیں۔(الاعلام للزرکلی، ج8، ص8، دار العلم للملایین، بیروت)

نوٹ: مزید ناموں کی تفصیل کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتاب **"نام رکھنے کے احکام"** کا مطالعہ مفید ہے۔یہ کتاب نیٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔

نیچے دیے گئے لنک سے کتاب ڈاؤن لوڈ کر بھی کر سکتے ہیں اور آن لائن مطالعہ بھی کر سکتے ہیں۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net